Nestlé
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے کی فروخت میں 2 فیصد اضافہ

لاہور 26 فروری، 2019ء: نیسلے پاکستان نے سال 2018ء کے لئے سیلز کی آمدنی 124.6 بلین پاکستانی روپے ظاہر کی ہے، جس میں بڑھتے ہوئے ناموافق حالات کے باوجود گزشتہ برس کے مقابلے میں تقریباً 2 فیصد اضافہ ہوا۔ اسی مدت میں برآمدی سیلز کی آمدنی 2.3 بلین پاکستانی روپے رہی۔ مذکورہ مالیاتی سالانہ نتائج کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقدہ بورڈ آف ڈائرکٹرز کی سالانہ میٹنگ کے بعد کیا گیا۔

مذکورہ سال کے لئے آپریٹنگ منافع 20.3 بلین پاکستانی روپے رہا، جبکہ سال 2017 میں یہی آپریٹنگ منافع 23.6 بلین پاکستانی روپے تھا۔ کموڈٹی کی قیمتوں میں اضافے، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے اور روپے کی قدر میں کمی نے مجموعی طور پر آپریٹنگ منافع پر اثر ڈالا اور اسے منفی طور پر متاثر کیا۔ تاہم، کمپنی کی جانب سے لاگتوں پر توجہ کی وجہ سے کموڈٹی کی قیمتوں میں اضافے اور غیر ملکی کرنسی کے اثرات کو کم کرنے میں معاونت ہوئی۔

2018ء میں نئی مصنوعات متعارف کرائی گئیں جن میں: NESTLÉ FRUITA VITALS PET , NESTLÉ MILKPAK 500ml, NESTLÉ NIDO Organic, NAN 2 BIB, NANGROW 3 BIB, NAN 1 with HMO, NESTLÉ CERELAC Savoury Spinach & Pumpkin,NESTLÉ LACTOGEN 1.2 Kg (new SKU), NAN HA, اور MILO 125ml شامل ہیں۔

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے :

عاتکہ میر خان
پبلک افیئرز منیجر، نیسلے پاکستان
رابطہ نمبر: 042-35988119
ای میل: aatekahahma@PK.nestle.com